Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

Ref: GSPL/PR/25/25/030
Date: 26/12/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف کا اینوول نائٹ ایونٹ، ٹاپ پرفارمرز کے لیے اعزازات

کراچی: گروسیف نے ادارے کے جملہ ارکان اور لیڈرشپ کے کام کے اعتراف میں ان کے لیے جمعرات کے روز ایک پرتاثیر اور ٹیم ورک کے جذبے سے بھرپور یادگار اینوول نائٹ ایونٹ کا انعقاد کیا۔

ایونٹ کے نمایاں لمحات میں معروف نوجوان شاعر عمار اقبال کی جانب سے پیش کیا جانے والا مسحور کن کلام اور لذیذ باربی کیو شامل تھے، جن سے محفل کا سماں بندھا رہا۔

اس موقع پر گروسیف کے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سائبر سیکورٹی، مصنوعی ذہانت اور کوآرڈینیشن اینڈ سسٹینیبلیٹی کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے ٹاپ پرفارمرز کی شاندار کارگردگی، عزم، اور ادارے کی کامیابیوں میں ان کے کردار پر انہیں اعزازات دیے گئے۔ ایوارڈز ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز حمدان صدیقی کی جانب سے عمار اقبال کی اسٹیج پر موجودگی کے دوران دیے گئے۔

سامعین سے خطاب میں ادارے کے عہدیداران نے ٹیم کے ارکان کی کارکردگی کو سراہنے کے ساتھ ساتھ ایونٹ کے کامیاب انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر سعد عبدالوہاب نے نوجوان شاعر کو یادگاری ایوارڈ بھی پیش کیا۔

گروسیف پیشہ ورانہ حفاظت و صحت، ماحولیات، پیداوار، سسٹینیبلیٹی، اور ابھرتی ٹیکنالوجیز پر مبنی ماہرانہ خدمات پیش کرنے والا معروف ادارہ ہے، جو بہترین کارکردگی، جدت، اور ایسی ترقی و پیشرفت پر یقین رکھتا ہے جس کی مرکزیت افرادِ کار پر ہو۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe